© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعہ

### جامعہ رحمانیہ للبنات چک نمبر 102۔ R-10 منڈی جہانیاں کا افتتاح

قاری عبدالغفار مرحوم کے ہونہار فرزند ارجمند جناب ابوبکر صدیق چیف ایڈیٹر روزنامہ ''أھم الأخبار'' (عربی/اردو) اسلام آباد نے اپنے والد مرحوم کے صدقہ جاریہ کیلئے اپنے آبائی گاؤں چک نمبر 102 منڈی جہانیاں (خانیوال) میں مورخہ 13 ذوالحج کو جامعہ رحمانیہ للبنات کے افتتاح کے مبارک موقع پر ایک عظیم الشان جلسہ عام کا اہتمام کیا۔ جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ قاری خالد مجاہد (پتوکی)، عبداللہ فیصل اور دیگر علمائے کرام نے خطاب کیا۔

### دولت نگر (گجرات) میں درس قرآن وحدیث

دولت نگر ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے نئے جماعتی ساتھی بھائی ندیم ووسیم صاحبان کی دعوت پر زیر تعمیر جامع مسجد اہل حدیث میں مورخہ 7 فروری بروز جمعرات بعد از نماز عشاء رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ''حضرت ابراہیمؑ اور ان کی دعوت'' کے موضوع پر درس قرآن وحدیث دیا۔ یاد رہے کہ یہاں پر قلیل عرصہ میں پرعزم نوجوانوں پر مشتمل ایک جماعت معرض وجود میں آچکی ہے جن کی شبانہ روز کوششوں سے ایک خوبصورت مسجد کی تعمیر شروع کر دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے عزم کو اور زیادہ پختہ کرے۔ آمین۔ اس موقع پر امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث رانیوال سیداں سید ثناء اللہ شاہ صاحب بھی ہمراہ تھے۔

## وفیات

### طلعت زرگر کو صدمہ

مقامی جماعت کے بزرگ ساتھیوں میں سے ایک مخلص، بے لوث اور جماعتی درد رکھنے والے جناب حاجی اللہ دتہ زرگر تھے۔ وہ والد مرحوم اور علامہ مدنی مرحوم سے بھی بڑی محبت اور عقیدت رکھتے تھے۔ جامعہ کے طلبہ اور اساتذہ کا دلی احترام کرتے تھے۔ مورخہ 7 ذوالحجہ کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ إنا للہ وإنا إلیہ راجعون۔ 5 بجے شام ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔

### شیخ عبدالحمید سیٹھی، محمد عارف سیٹھی اور شکیل سیٹھی صاحبان کو صدمہ

محلہ خواجگان جہلم کے محمد عارف سیٹھی کے والد محترم سیٹھی محمد عظیم صاحب اڑھائی ماہ کی علالت کے



© rasailojaraid.com